1:یوم تکبیر سے کیا مراد ہے؟

28 مئی 1998ء کو پاکستان نے بھارت کے ایٹمی دھماکوں کے جواب میں چاغی کے مقام پر ایٹمی دھماکے کیے۔ یوں پاکستان ایٹمی طاقت رکھنے والا پہلا اسلامی ملک بن گیا۔ ان ایٹمی دھماکوں کی یاد میں ہر سال 28 مئی کو "یوم تکبیر" منایا جاتا ہے۔

2:اٹھارھویں آئینی ترامیم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

اٹھارویں آئینی ترمیم 2010ء میں منظور ہوئی۔ اس کے تحت صوبہ سرحد کا نام بدل کر خیبر پختونخوا رکھا گیا۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان کنکرنٹ لسٹ (*Concurrent List*) کو ختم کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کے تقرر کے لیے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان (*Judicial Commission of Pakistan*) اور ایک پارلیمانی کمیٹی (*Parliamentary Committee*) قائم کی گئی۔

3:موٹروے کی کیا اہمیت ہے؟

موٹروے کی بدولت سفر آرام دہ اور کم وقت میں طے ہو جاتا ہے۔ دوسرے شہروں تک رسائی آسان ہو جاتی ہے۔ سڑک حادثات میں خاطر خواہ کمی ہو جاتی ہے۔

4:ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں صنعتی اصلاحات کا کیا مقصد تھا؟

ان صنعتی اصلاحات کا مقصد مزدوروں کے حالات کو بہتر بنانا اور بہتر صنعتی ماحول پیدا کرنا تھا۔

5:دو ایوانی مقننہ سے کیا مراد ہے؟

1973ء کے دستور کے تحت ملک میں دو ایوانی مقننہ قائم کی گئی۔ ایوانِ بالا کا نام سینیٹ اور ایوانِ زیریں کا نام قومی اسمبلی رکھا گیا۔

6:دولت مشترکہ تنظیم سے کیا مراد ہے؟

دولتِ مشترکہ (*Commonwealth*) ان ممالک کی تنظیم ہے جن پر تاجِ برطانیہ (*United Kingdom*) کی حکومت رہی۔ یہ 1949ء میں قائم ہوئی اور اس کے رکن ممالک میں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش سمیت کئی ممالک شامل ہیں۔

7:میاں محمد شہباز شریف کی کوئی سی دو اصلاحات تحریر کریں۔

میاں محمد شہباز شریف نے زراعت، صنعت صحت تعلیم اور توانائی سمیت کئی شعبوں میں اصلاحات متعارف کرائیں، جیسا کہ لوگوں کو خدمت کارڈ جاری کیے گئے زرعی شعبے میں کسان پیج کے ذریعے سے اربوں روپے قرض دیے گئے۔

8:بے نظیر بھٹو کی معاشی اصلاحات کی تھیں؟

1. **پلیسمنٹ بیورو** (***Placement Bureau***) کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا گیا جس کے ذریعے لوگوں کو ملازمتیں ملیں۔
2. توانائی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے **1994ء میں پاور پالیسی** کا اعلان کیا گیا۔

9:چودھویں آئینی ترمیم 1997ء کی کیا اہمیت ہے؟

میاں محمد نواز شریف کی حکومت کی طرف سے متعارف کرائی گئی چودھویں ترمیم سیاسی جماعتوں میں انحراف کی حوصلہ شکنی کر کے سیاسی استحکام پیدا کیا۔ اس سے زیادہ ہم آہنگ سیاسی ماحول پیدا ہوا اور یہ بات یقینی بنائی گئی کہ منتخب نمائندے اپنی جماعتوں اور پالیسیوں کے ساتھ وفادار رہیں۔

10: آٹھویں آئینی ترمیم 1985ء کی وضاحت کیجیے۔

آٹھویں آئینی ترمیم کے تحت صدرِ مملکت کا انتخاب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور چاروں صوبائی اسمبلیوں پر مشتمل انتخابی ادارہ (Electoral College) کرے گا۔ اس ترمیم کے بعد صدرِ مملکت کو غیر معمولی اختیارات حاصل ہو گئے اور وزیر اعظم کی حیثیت ثانوی ہو گئی۔ سینیٹ کے اراکین کی مدت چھ سال مقرر کی گئی۔

11: مطالعہ پاکستان کو گریجوایشن تک کس نے لازمی قرار دیا؟

جنرل ضیاء الحق نے مطالعہ پاکستان کو گریجوایشن تک لازم قرار دیا تھا۔